لگانا آسان ہے۔ تعمیر مسجد کے سلسلہ میں مندرجہ ذیل معلومات احقر کو خط کے ذریعہ بہم پہنچا کردہ خاص وقت معلوم کریں۔

۱۔ شہر یا قصبہ کا نام۔ (اگر وہاں کا طول بلد اور عرض معلوم ہو تو وہ بھی لکھ دیں ورنہ خود ہی معلوم کر لیا جائے گا۔) اگر کسی گاؤں میں مسجد بنی ہو تو اس گاؤں کا جغرافیائی محل وقوع درج فرمائیں۔

۲۔ انگریزی مہینہ کی کس تاریخ کو مسجد کا نشان لگانا مقصود ہے۔

ملک بشیر احمد بگوی ایگزیکٹو انجینئر ڈائرکٹر آف ورکس
اینڈ چیف انجینئر پی۔ اے۔ ایف۔ پشاور چھاؤنی

اعداد و شمار قرآنی جو اعداد و شمار دربارۂ قرآن کریم کے رکوعات وغیرہ الحق اپریل ۱۹۶۹ء میں شائع ہوئے ہیں۔ وہ درحقیقت قابل ستائش ہیں۔ دعا ہے کہ رب العزت مولانا لطافت الرحمن صاحب کو اس سعی جمیلہ کی جزائے خیر دے ۔۔۔ اس ضمن میں بندہ اتنی گذارش کرنے کی جرأت کرتا ہے۔ کہ اعداد نقطہ جات میں کچھ فرق معلوم ہوتا ہے، یا تو یہ فرق میری کم فہمی پر مبنی ہے۔ اور یا کاتب سے کتابت میں سہو ہو گئی ہے ۔۔۔ اگر یہ فرق میری ناسمجھی ہے تو براہ نوازش اس ناچیز کی تفہیم کی سعی فرمادیں، بصورت دیگر الحق کے آئندہ شمارے میں تصحیح شائع فرمائیں۔ تاکہ اہل ذوق حضرات کے پاس صحیح اعداد و شمار موجود ہوں۔ تفصیل حسب ذیل ہے:۔

کل نقطہ جات = ۱۰۵۶۸۲

منقوطہ حروف کے کل نقطہ جات:

با	۱۱۴۲۸	× ۱	= ۱۱۴۲۸
تا	۱۱۰۹۵	× ۲	= ۲۲۱۹۰
ثا	۱۲۷۶	× ۳	= ۳۸۲۸
ج	۳۲۰۰۳	× ۱	= ۳۲۰۰۳
خ	۲۴۱۶	× ۱	= ۲۴۱۶
ذ	۴۶۷۷	× ۱	= ۴۶۷۷
ز	۱۵۹۰	× ۱	= ۱۵۹۰
ش	۲۲۵۳	× ۳	= ۶۷۵۹